نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارشوں کے دوران فصلوں کی دیکھ بھال کیلئے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور: یکم مارچ 2024(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ کاشتکار بارشوں کے دوران اپنی فصلات خصوصاً گندم کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دیں۔گندم کے کاشتکار بارشوں کے دوران فصل کو پانی لگانے سے گریز کریں۔گندم کے کاشتکار اپنی فصل کو باقاعدگی کا معائنہ کریں اور کیڑوں و بیماریوں کے حملہ کی صورت میں محکمہ زراعت کے مقامی زرعی ماہرین سے رابطہ کریں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کماد کی بوائی موسم ساز گار ہونے پر کریں۔کماد کی کٹائی کے عمل کو بارشوں کے دوران عارضی طور پر روک دیں۔اس کے علاوہ سبزیوں کے کاشتکار موسم گرما کی سبزیات کی کاشت کیلئے موسمی صورتحال کو مدِ نظر رکھیں۔کاشتکار محکمہ موسمیات کی موسم کے بارے پیش گوئی سے مسلسل آگاہ رہیں اور اپنے تمام کاشتی اُمور اس کے مطابق ترتیب دیں۔

☆☆☆☆